## غزہ میں فلسطینیوں کیلئے امدادی سامان لیجانے والی کشتیوں پر اسرائیلی فوج کا حملہ کھلی جارحیت اور بربریت ہے۔الطاف حسین

## اقوام متحدہ،اوآئی سی،عرب لیگ اور دیگر عالمی ادارے اس معاملے کا فوری نوٹس لیں،

## عالمی برادری فلسطینیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے سلسلے کو بند کروانے کیلئے اپنا بھرپور اثر رسوخ استعمال کرے

## امدادی قافلے میں شامل پاکستانی اینکر طلعت حسین اور آج ٹی وی کے پروڈیوسر رضا آغا کی سلامتی کیلئے دعا کرتے ہیں

## طلعت حسین اور دیگر پاکستانیوں کی بازیابی کیلئے ہرسطح پر بھرپور کوششیں کی جائیں،تمام سفارتی ذرائع بروئے کار لائے جائیں

## اسرائیلی فوج کے حملے میں متعدد امدادی کارکنوں کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔ 31 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے غزہ میں فلسطینیوں کیلئے غذائی اشیاء، ادویات اور دیگر امدادی سامان لیجانے والی کشتیوں پر اسرائیلی فوج کے حملے کی شدید مذمت کی ہے اوراس حملے میں متعدد امدادی کارکنوں کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ واقعہ کھلی جارحیت اور بربریت ہے جسے کوئی بھی امن پسند ملک یا دنیا بھر کے امن پسند حلقے درست اور جائز قرار نہیں دے سکتے۔انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ، اوآئی سی،عرب لیگ اور دیگر عالمی اداروں کو چاہیے کہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے اور فلسطینیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے سلسلے کو بند کروانے کیلئے عالمی برادری اپنا بھرپور اثر رسوخ استعمال کرے۔انہوں نے حکومت پاکستان سے بھی کہا کہ جارحیت کے اس واقعہ پر اقوام متحدہ اور تمام بین الاقوامی فورم پر اس واقعہ پر شدید احتجاج کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے امدادی قافلے میں شامل پاکستانی اینکر طلعت حسین اور آج ٹی وی کے پروڈیوسر رضا آغا دیگر پاکستانیوں کی سلامتی کیلئے دعا کی اور حکومت پاکستان سے کہا کہ طلعت حسین اور دیگر پاکستانیوں کی بازیابی کیلئے ہرسطح پر بھرپور کوششیں کی جائیں اوراس سلسلے میں تمام سفارتی ذرائع بروئے کار لائے جائیں۔

☆☆☆☆☆